# 4 ہمارا پہلا اسکول

4312CH04

اسکول میں ہم کتنی باتیں سیکھتے اور سمجھتے ہیں۔ لیکن جانتے ہو، ہمارا پہلا اسکول کون سا ہے؟ وہ ہے ہمارا خاندان۔ ہم اپنے خاندان سے ہی سب سے پہلے سیکھنا شروع کرتے ہیں۔ کیونکہ ہم اپنے خاندان سے بہت زیادہ قریب سے جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ لیکن ہم اس کے بارے میں شاید کبھی غور نہیں کرتے۔ آؤ اپنے خاندان کے بارے میں سوچیں اور بات کریں۔

اپنے خاندان کی تصویر بناؤ۔ اگر فوٹو ہے تو اس کو چپکاؤ۔

* تمہارے خاندان میں کون کون ہیں؟ ان کا نام اور ان سے تمہارا کیا رشتہ ہے، لکھو۔

| نام | تم سے رشتہ | نام | تم سے رشتہ |
|---|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |

© NCERT not to be republished

* اپنے خاندان کے دو لوگوں کے آپس کا رشتہ لکھو۔ جیسے میاں بیوی۔ بہن بھائی۔ ماں بیٹی...

| خاندان کے دو لوگوں کے نام | | آپسی رشتہ |
|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |



یہاں کچھ لوگوں کی تصویریں بنی ہوئی ہیں۔ ان میں دو لوگ بالکل ایک سے لگ رہے ہیں۔ ان کا آپس میں کیا رشتہ ہوسکتا ہے؟





2019-20

© NCERT not to be republished

تمہاری کون سی بات خاندان کے کسی فرد سے ملتی جلتی ہے ؟ جیسے تمہاری آواز، تمہاری آنکھیں، تمہارے بال، تمہاری چال...؟ کس سے اور کیسے؟

آؤ! اب انوری کے خاندان کے بارے میں کچھ پڑھیں۔



انوری کے خاندان کے سبھی بڑے لوگ دھوبی کا کام کرتے ہیں۔ خاندان کے سبھی افراد کپڑوں کے دھونے، سکھانے اور استری کرنے میں ایک دوسرے کا ہاتھ بٹاتے ہیں۔ انوری اور اس کا چچازاد بھائی توفیق بھی اب یہ کام سیکھ رہے ہیں۔

* کیا تمہارا خاندان بھی مل جُل کر کوئی کام دھندہ کرتا ہے؟ اگر 'ہاں' تو کیا؟

---

* اس کام میں تم کیا مدد کرتے ہو؟

---

---

ہم خاندان میں ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھتے ہیں۔ انوری کے چچا نے اُسے اور خاندان کے سبھی بچوں کو سائیکل چلانی سکھائی۔

تم نے بھی اپنے خاندان سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ کیا سیکھا اور کس سے؟ کیا کسی نے تم سے کچھ سیکھا ہے؟

سوچو اور لکھو:

- جب میں دُکھی ہوتی ہوں، تو میں ............ کے پاس جاتی ہوں۔
- جب میں پرانے دنوں کے بارے میں جاننا چاہتی ہوں تب میں ..................... کے پاس جاتی ہوں۔
- جب میں کچھ راز کی بات بتانا چاہتی ہوں تب میں ................. کے پاس جاتی ہوں۔
- جب مجھ سے کوئی غلطی ہو جاتی ہے تو میں .................... کے پاس جاتی ہوں۔

© NCERT not to be republished



2019-20

جوتے باہر اُتار کر ہی گھر میں آنا — یہ سریکھا کے گھر کا رواج ہے۔ لیکن اس کے کچھ دوست جوتے چپل پہن کر گھر کے اندر آ جاتے ہیں۔ اس سے سریکھا کے دادا ناراض ہوتے ہیں۔



کیا تمہارے خاندان کے اپنے کچھ رواج ہیں؟ کون کون سے؟



کیا تمہارے خاندان میں کسی کی کوئی خاص عادت ہے۔ جیسے: زور سے ہنسنا، خوش ہو کر گانے گانا وغیرہ؟ ان کی نقل کر کے دکھاؤ۔



* تم اپنے خاندان میں بڑوں کی عزت کیسے کرتے ہو؟ اپنے آس پاس دیکھو کہ لوگ ایک دوسرے کی عزت کیسے کرتے ہیں؟

* بڑے جب بچّے تھے

گھر کے کسی بڑے کو ان کے بچپن کا کوئی دلچسپ قصہ سنانے کے لیے کہو۔

© NCERT not to be republished

بچوں سے اپنے خاندان کے افراد کے ہنسنے، گانا گانے وغیرہ کے طریقوں کے بارے میں بات چیت کرنے کو کہا جائے۔ اس سے وہ اپنے خاندان کے افراد کی خاصیت یا خاص عادتیں بھی پہچان سکیں گے۔